**25.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی
Music

.........................................................................

☆ بھارت اور جرمنی نے مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات میں فروغ کی خاطر متعدد مفاہمت ناموں اور معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے یوکرین اور مغربی ایشیا میں جنگ کے حل پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت عالمی امن کیلئے پُرعزم ہے۔
☆ بھارت اور چین کی فوجیں مشرقی لداخ میں چار سال سے زیادہ تعطّل کے بعد Depsang اور Demchok میں پیچھے ہٹنا شروع ہوگئی ہیں۔
☆ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔
☆ اڈیشہ اور مغربی بنگال میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔ شدید سمندری طوفان دانا، ہوا کے گہرے دباؤ کے حلقے میں تبدیل ہوگیا ہے۔
☆ اور...... کرکٹ میں پنّے میں دوسرے ٹیسٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت پر 301 رن کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

.........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *India Germany Bilaterals*

بھارت اور جرمنی نے آج گرین ہائیڈروجن سے لے کر اختراع اور ٹیکنالوجی میں دو طرفہ تعلقات کو فروغ دینے کی خاطر متعدد مفاہمت ناموں اور معاہدوں پر دستخط کیے۔
نئی دلّی میں وفد سطح کی بات چیت کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی اور جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz کی موجودگی میں اِن مفاہمت ناموں اور معاہدوں کو ایک دوسرے کو سپُرد کیا گیا۔ بھارت اور جرمنی نے مخصوص اطلاعات کے تبادلے اور باہمی تحفظ سے بھی اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک نے اختراع اور ٹیکنالوجی کے ساتھ بھارت- جرمنی گرین ہائیڈروجن نقشِ راہ کیلئے اپنے عزم کا بھی اظہار کیا۔ دونوں ملکوں نے فوجداری معاملات میں قانونی مدد کے سلسلے میں ایک معاہدے پر بھی دستخط کیے ہیں۔ بھارت اور جرمنی نے ہنرمندی کے فروغ اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے

شعبے میں اشتراک سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر بھی دستخط کیے ہیں۔

اس کے علاوہ طرفین نے محنت و روزگار، تحقیق و ترقی اور ماحول کیلئے سازگار شہری آمد و رفت شراکت داری کے شعبوں میں رضامندی کی خاطر تین مشترکہ اعلامیوں کا بھی تبادلہ کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں وزیر اعظم نریندر مودی نے یوکرین اور مغربی ایشیا میں جاری جنگ کے پیش نظر امن بحالی کے بھارت کے عہد کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال بھارت اور جرمنی کیلئے تشویش کا باعث ہے اور بھارت کا نظریہ ہمیشہ یہ رہا ہے کہ مسائل کا حل جنگ سے نہیں کیا جاسکتا۔

2100- PM on Ukraine

بھارت اور جرمنی کے درمیان دو طرفہ اشتراک کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آج اختراع اور ٹیکنالوجی سے متعلق نقش راہ کا آغاز ہوا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں، ہنر مندی کے فروغ اور اختراع کے شعبوں میں اشتراک میں اضافے سے مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرس اور صاف ستھری توانائی کے شعبوں میں تعاون مزید مستحکم ہوگا۔

2100- PM on AI

جناب مودی نے بھارت- بحر الکاہل خطے میں جہازوں کی آمد و رفت کی آزادی اور قانون کی عمل داری کو یقینی بنانے کی ضرورت کو بھی دوہرایا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل سمیت کثیر رخی اداروں میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں جرمنی کے چانسلر اولاف Scholz نے بھارت اور جرمنی کے درمیان کلیدی شراکت داری کو اجاگر کیا۔ اِس سے قبل دونوں رہنماؤں نے حیدرآباد ہاؤس میں CEOs کے فورم میں شرکت کی۔x

***MEA India Germany***

اس سے پہلے جرمنی کے چانسلر اولاف Scholz کے بھارت دورے کے بارے میں آج دوپہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ بین حکومتی صلاح مشورہ، اِس دورے کا اصل مرکز تھا، جس کی دونوں رہنماؤں نے مشترکہ طور پر صدارت کی۔

2100- Vikram Misri- High Points

انہوں نے کہا کہ آج باہمی تعلقات کا جائزہ مختلف شعبوں پر مرکوز ہوتا ہے، جن میں خارجہ پالیسی، سکیورٹی، معیشت اور تجارت، ماحول کیلئے سازگار پائیدار ترقیاتی اشتراک، اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی، آمد و رفت اور مائیگریشن شامل ہیں۔ جناب مِسری نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ دورہ ایک ایسے وقت ہوا ہے کہ جب جرمنی میں مختلف سیاسی پارٹیوں میں بھارت کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم کرنے کی گہری دلچسپی پائی جاتی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں خاطر خواہ پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ حالیہ برسوں میں بھارت اور جرمنی کے درمیان رشتوں میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ خارجہ سکریٹری نے مطلع کیا کہ 2023 میں دو طرفہ تجارت 33 ارب ڈالر رہی اور بھارت میں جرمنی کی مجموعی سرمایہ کاری تقریباً 15 ارب ڈالر ہے۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی اِس اتوار کو آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 115 واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی اسے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

آکاشوانی، ہندی نشریے کے فوراً بعد مقامی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔ x

## President Chhattisgarh

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ جدید ترین طبی تکنیکوں کو دور دراز کے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی بہبود کیلئے استعمال کیا جانا چاہیۓ۔ صدر جمہوریہ آج چھتیس گڑھ میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سائنسز-ایمس رائے پور کی تقسیم اسناد کی تقریب میں خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے طلبا پر زور دیا کہ وہ محروم طبقے کی خدمت کرنے کو ترجیح دیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ پچھلی دہائی کے دوران، ملک کے عوام کو یکساں صحت کوریج فراہم کرنے کیلئے بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں۔ صدر جمہوریہ چھتیس گڑھ کے دو روزہ دورے پر آج رائے پور پہنچی ہیں۔x

## India China Disengagement

بھارت اور چین کی افواج، لائن آف ایکچوئل کنٹرول LAC پر ساڑھے چار سال کے فوجی تعطل کے بعد، مشرقی لداخ کے Depsang اور Demchok خطوں سے واپس ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ فوجی ذرائع کے مطابق سرحدی پیٹرولنگ اِس مہینے کے اختتام سے دوبارہ شروع ہوگی جو کہ خطے میں معمول کی صورتحال کو بحال کرنے کی جانب ایک نمایاں قدم ہے۔ حال ہی میں بھارت اور چین نے، مشرقی لداخ میں LAC پر پیٹرولنگ سے متعلق ایک سمجھوتے پر اتفاق کیا ہے۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا ہے کہ یہ سمجھوتہ فوجوں کی واپسی اور کشیدگی کے حل کی راہ ہموار کرسکتا ہے جس کا آغاز اپریل 2020 میں ہوا تھا۔ شمالی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ اِن چیف لیفٹیننٹ جنرل ایم وی Suchindra کمار کے مطابق سفارتی اور فوجی تبادلۂ خیال نے زمینی صورتحال کو بحال کرنے کیلئے ایک وسیع اتفاق رائے فراہم کیا ہے۔x

## J&K Terrorist Attack

شمالی فوجی کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل MV Suchindra کمار نے آج کہا کہ جموں وکشمیر میں امن، خوشحالی اور سکیورٹی کی بہتر صورتحال، فوج اور دیگر ایجنسیوں کی مرکوز اور متنوع کوششوں کا نتیجہ ہے۔ کشمیر میں دہشت گردی کے حملوں میں حالیہ اضافے کے بارے میں بات کرتے ہوئے COD-In-Chief نے کہا کہ اِس معاملے پر جمعرات کو سرینگر میں یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹرس کی میٹنگ میں تبادلۂ خیال کیا گیا جس میں ایک حکمت عملی کی تشکیل کی گئی۔ انھوں نے

کہا کہ توجہ، تشدد کے سلسلے کو ختم کرنے، دہشت گردانہ ایکونظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے، نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے، تعلیم کی سہولت فراہم کرنے، کھیل کود کو فروغ دینے اور خطے کی مالامال تاریخی اور ثقافتی ورثے کا احیاء کرنے پر مرکوز ہے۔ انھوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے پچھلے پانچ سالوں میں جموں وکشمیر میں 720 دہشت گردوں کو ہلاک کیا ہے۔x

## Nominations

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوگیا۔ 13 نومبر کو اِس مرحلے میں ہونے والے انتخابات کیلئے 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 28 اکتوبر کو کی جائے گی جبکہ امیدوار اپنے نام اِس مہینے کی 30 تاریخ تک واپس لے سکتے ہیں۔ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے دو مرحلوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دوسرے مرحلے کیلئے پولنگ، مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے واحد مرحلے کی پولنگ کے ساتھ، 20 نومبر کو ہوگی۔ مہاراشٹر میں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی قیادت والی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP نے اسمبلی انتخابات کیلئے 7 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کی ہے۔

مختلف ریاستوں میں 47 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ میں وائیناڈ پارلیمانی نشست کے ضمنی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا بھی آج آخری دن تھا۔ اِن تمام سیٹوں پر اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

## Maha Election Updates

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کا آج چوتھا دن تھا۔ مختلف پارٹیوں کے امیدواروں نے آج اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔ مہاراشٹر نو نرمان سینا نے آج امیدواروں کی اپنی چوتھی فہرست جاری کی۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے............

VC- Ankita Apte

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے آج نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس سمیت کئی اہم امیدواروں نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ جناب فڈنویس، ناگپور ساؤتھ ویسٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر نتن گڈکری سے ملاقات کے بعد ایک بڑی ریلی کے ساتھ اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔ اِس کے علاوہ شیو سینا کے رہنما اور ریاستی وزیر اُدے سامنت نے رتناگیری سے، BJP لیڈر آشیش شیلار نے باندرہ ویسٹ سے، شیو سینا کے لیڈر پرتاپ سار نائک نے Ovla-Majiwada سے اور قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر نے کولابا اسمبلی حلقے سے اپنے پرچے بھرے۔ خبروں کے مطابق حکمراں مہایوتی اور اپوزیشن مہا وکاس اگھاڑی، دونوں میں سیٹوں کی تقسیم سے متعلق تبادلۂ خیال آخری مرحلے میں ہے۔

ممبئی سے انکیتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## CJI Interview

بھارت کے چیف جسٹس ڈاکٹر جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے کہا ہے کہ معذوروں کیلئے عدالت کو قابل رسائی بنانے کیلئے مختلف اقدامات کئے گئے ہیں۔ آکاشوانی کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں بھارت کی سپریم کورٹ کے قیام کے 75ویں سالگرہ کو مناتے ہوئے، چیف جسٹس نے اُن اقدامات کو اجاگر کیا جو سپریم کورٹ نے گویائی اور سماعت سے محروم وکیلوں کیلئے اشاروں کی زبان کے ترجمان پہلی مرتبہ فراہم کئے ہیں۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈاکٹر جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے آکاشوانی میں بطور پرزینٹر اپنے دنوں کو بڑے شوق سے یاد کیا۔ انھوں نے چوتھے گریڈ کے طالب علم کے طور پر آکاشوانی بامبے جانے کا بڑے فخر کے ساتھ ذکر کیا۔

S/B 2100 CJI Chandrachud

یہ انٹرویو آج رات نشر کیا جائے گا۔

## Odisha Cyclone Relief Work

اڈیشہ میں، DANA سمندری طوفان سے بری طرح متاثر کیندر پاڑہ، بھدرَک، بالاسور اور جگت سنگھ پور کے ساحلی علاقوں میں معمول کے حالات بحال کرنے کیلئے راحت اور بحالی کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔ NDRF، ODRAF، فائر سروسز، توانائی اور دیگر محکمے کے عملے کے افراد چوبیسوں گھنٹے کام کر رہے ہیں تاکہ آج رات تک سڑک رابطے اور بجلی کی فراہمی کو بحال کیا جاسکے۔ وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی آج صبح سے بھوبنیشور میں سمندری طوفان کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں اور انھوں نے متاثرہ اضلاع کے کلکٹروں سے کہا ہے کہ وہ طوفان DANA سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیں اور اپنی رپورٹ آج فراہم کریں۔

جناب مانجھی نے کہا کہ ریاست نے اپنے ''صفر جانی نقصان کے مشن'' کو حاصل کیا ہے کیونکہ شدید سمندری طوفان کی وجہ سے کسی بھی طرح کا کوئی جانی نقصان ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے۔ طوفان DANA، جو اڈیشہ ساحل پر Bhitarkanika نیشنل پارک اور دھرما کے دوران گذشتہ رات تقریباً 9 گھنٹے تک جاری رہا، اب کمزور پڑ کر گہرے دباؤ میں تبدیل ہوگیا ہے اور 7 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے شمالی اڈیشہ سے گذر رہا ہے۔ اس نے بہت سے علاقوں میں بجلی کی لائنوں کو نقصان پہنچایا ہے، بڑے درختوں اور بجلی کے کھمبوں کو بڑی تعداد میں اکھاڑ پھینکا ہے، چھپر اور Asbesto کے مکانات نیز خطے میں دھان کے ہزارہا ہیکٹر کھیتوں کو نقصان پہنچایا ہے۔

## WB Rain Red Alert

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے مغربی بنگال کے Midnapore، جھارگرام اور جنوبی چوبیس پرگنہ اضلاع میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کولکاتا میں شمالی چوبیس پرگنہ، ہاوڑہ، ہُگلی، بنکورہ اور پرولیا ضلعوں میں Orange الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے آج دوپہر ضلع کے عہدیداران کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ محترمہ ممتا بنرجی نے پریس کو مطلع کیا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی فورس NDRF اور SDRF صورتحال کے بہتر ہونے تک مستعد رہیں گی۔ اِس دوران IMD نے ماہی گیروں سے سمندر میں نہ جانے کیلئے خبردار کیا ہے۔ x

### Cricket

کرکٹ میں، نیوزی لینڈ نے پونے میں بھارت کے خلاف دوسرے ٹیسٹ کے دوسرے دن کھیل ختم ہونے پر اپنی دوسری اننگز میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 198 رنز بنالئے تھے۔ دورے پر آئی ہوئی ٹیم کو اب 301 رنز کی سبقت حاصل ہے۔ اِس سے قبل آج Mitchell Santner نے 7 وکٹ لئے اور بھارت کے کھلاڑیوں کو یکے بعد دیگرے پویلین واپس بھیج دیا جبکہ اسکور میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوئی۔ بھارت کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 156 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ اس کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ پر اسے 103 رنز کی سبقت حاصل ہوئی۔ Santner نے 17 اعشاریہ تین اوورس گیندبازی کی اور اُن کے ذریعے آؤٹ ہونے والوں میں اکثر کھلاڑی LBW یا کلین بولڈ ہوئے۔

نیوزی لینڈ اپنی پہلی اننگز میں 259 رن بناکر آؤٹ ہوگئی جس میں آل راؤنڈ واشنگٹن سُندر نے پہلی مرتبہ پانچ وکٹ لئے۔ روی چندرن اشون نے تین وکٹ لئے۔ نیوزی لینڈ بینگلورو میں پہلا ٹیسٹ جیتنے کے بعد ایک-صفر سے سبقت حاصل کئے ہوئے ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆